سوال

حج

جواب

محرم کے بغیر سفرحج السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ !ایک عورت حج پر جانا چاہتی ہے،اس کا شوہر نہیں ہے،اس کا بیٹاحج ہاؤس تک اس کے ساتھ جائے گا،پھر مکہ اور مدینہ میں اس کا دوسرا بیٹا اس کے ساتھ مل کر اس کوحج کروائے گا،کیا ایسا سفر کرنا جائز ہے؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!اس عورت کا حج صحیح ہے،لیکن محرم کے بغیر اس کا یہ فعل اور سفر حرام ہے،کیونکہ کسی عورت کے لئے محرم کے بغیر سفر کرنا جائز نہیں ہے نبی ﷺ کی حدیث مبارکہ ہے:((لاتسافر المرأة إلا مع ذی محرم))(بخاری:1862)''عورت کسی محرم کے بغیر سفر نہ کرے۔''مزید تفصیل کے لئے دیکھیں فتوی نمبر(1332) http://www.urdufatwa.com/index.php?/Knowledgebase/Article/View/1332/0/ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتویٰ کمیٹی محدث فتویٰ